اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن، اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ، بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔

# دُرود شریف کی فضیلت

اللہ پاک کے آخری نبی، **محمدِ عربی** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا: **حَیْثُ مَا کُنْتُمْ فَصَلُّوْا عَلَیَّ فَاِنَّ صَلَاتَکُمْ تَبْلُغُنِیْ** یعنی تم جہاں بھی ہو مجھ پر دُرود پڑھو کہ تمہارا دُرود مجھ تک پہنچتا ہے۔

(معجم کبیر،3/82، رقم:2729)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب　　　　صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

# مدنی مشورہ مرکزی مجلسِ شوریٰ

| | | |
|---|---|---|
| 15، 16 ذیقعدۃ الحرام 1444ھ | عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی | 5،6 جون 2023ء |

## نماز کے لیے زینت اختیار کیجئے

**اللہ** پاک پارہ 8، سُورۂ اَعراف، آیت نمبر 31 میں ارشاد فرماتا ہے :

**یٰبَنِیْۤ اٰدَمَ خُذُوْا زِیْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ** ترجمۂ کنز العرفان: اے آدم کی اَولاد ہر نماز کے وقت اپنی زِینت لے لو۔

صدرُ الاَفاضِل حضرت علّامہ مولانا سیِّد محمد نعیم الدّین مُراد آبادی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ اِس آیتِ کریمہ کے تحت فرماتے ہیں: یعنی لباسِ زینت اور ایک قول یہ ہے کہ کنگھی کرنا، خوشبو لگانا داخلِ زینت ہے اور سنّت یہ ہے کہ آدمی بہتر ہیئت (یعنی عمدہ صورت و حالت) کے ساتھ نماز کے لئے حاضِر ہو، کیونکہ نماز میں ربّ کریم سے مُناجات ہے تو اس کے لئے زِینت کرنا، عطر لگانا مُستحب ہے۔ (خزائنُ العرفان ص 291)

مکتبۃ المدینہ کی کتاب "**عمامہ کے فضائل**" صفحہ 184 پر ہے: حضرت امامِ اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے رات کی نماز کے لیے ایک قیمتی لباس سِلوا رکھا تھا جس میں قمیص، عمامہ، چادر اور شلوار تھی، اس کی قیمت **1500 درہم** تھی ۔ آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ اسے روزانہ رات کے وقت پہنتے اور ارشاد فرماتے : اللہ پاک کے لیے زِینت اختیار کرنا، لوگوں کے لیے زِینت اختیار کرنے سے بہتر ہے۔ (تفسیر روح البیان ، پ 8، الاعراف، تحت الآیۃ: 31 ، 3/154) ☆ امیر اہلسنت حضرت علامہ مولانا **محمد الیاس عطار قادِری** دامت برکاتہم العالیہ بھی **نماز کے لیے قیمتی لباس** پہنتے ہیں۔

## امیر اھل سُنّت کا سفر کی ابتدا کا انداز

شیخِ طریقت، امیر اہلِ سُنّت حضرت علامہ **مولانا محمد الیاس عطار قادری** دامت برکاتہم العالیہ لباسِ سفر پہن کر گھر میں 4 رکعت نفل پڑھ کر روانہ ہوتے ہیں ❄ ابتدائے سفر میں 5 سورتیں پڑھتے ہیں: (1) قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ آخر تک (2) اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَ الْفَتْحُ آخر تک (3) قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ آخر تک (4) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ آخر تک (5) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ آخر تک۔ ہر سورت کو بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم سے شروع کرتے اور پانچوں سورتوں کو پڑھنے کے بعد ایک مرتبہ پھر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم پڑھ لیتے ہیں۔

## فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ سے موافقت والی آیات

**مسلمانوں کے دُوسرے خلیفہ**، بلند شان والے صحابی حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کی سوچ اتنی بلند تھی کہ ان کی **سوچ کے موافق قرآنی آیات** نازل ہوتی تھیں۔ جنہیں **آیاتِ موافقاتِ فاروقِ اعظم** کہا جاتا ہے۔ ان آیات کی تعداد 19 ہے ، مکتبۃ المدینہ کی کتاب "**فیضانِ فاروقِ اعظم**" میں ہے: قربان جایئے! امیر المؤمنین حضرت سیدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کی شان و عظمت پر! یُوں تو آپ کے بے شمار فضائل و کمالات ہیں، مگر آپ کی حکمت و دانائی اور پختہ فَہم و فراست جیسی امتیازی خصوصیت کے سبب آپ کو بارگاہِ رَبُّ العزّت میں وہ بلند مقام حاصل تھا کہ آپ کے اقوال، فیصلے اور مشوروں کی موافقت کتاب اللہ اور تائیدِ رسول اللہ سے ہو جاتی اور یقیناً جسے اللہ و رسول (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) کی تائید حاصل ہو جائے، یہ اُس کی سعادتوں کی معراج ہے۔ (فیضانِ فاروق اعظم، 1/674 تا 693)

## ڈیجیٹل دعوتِ اسلامی کے ذریعے نیکی کی دعوت عام کیجئے

1. تمام نگران و ذمہ داران **ماڈرن ٹولز**(Modern Tools)استعمال کرنا سیکھیں، ان کا مُثبَت (Positive) استعمال کئی دِینی کاموں میں بھی مددگار ثابت ہوگا۔

2. دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ www.dawateislami.net اَلْحَمْدُ لِلّٰہ دُنیا کی بہترین اسلامی ویب سائٹ ہے۔

3. مبلغینِ دعوتِ اسلامی اپنے بیانات اورانفرادی کوشش میں دعوتِ اسلامی کی **ویب سائٹ کا وِزٹ**(Visit) کرنے کی ترغیب دِلایا کریں۔

4. دعوتِ اسلامی کی **موبائل ایپلی کیشنز**(Mobile Applications)ہر مسلمان کے موبائل میں ڈاؤن لوڈ کرانے کی کوشش کریں، تاکہ اس سے بھی ان تک نیکی کی دعوت پہنچے۔

5. عاشقانِ رسول کو وقتاً فوقتاً **ڈیجیٹل دعوتِ اسلامی ایپ** سے اپ ڈیٹ کرتے رہیں۔

6. **امیر اہلسنت** دامت برکاتہم العالیہ کے بیانات / **مدنی مذاکروں** / **ویڈیو کلپس** / نگرانِ شوریٰ و دیگر مبلغین کے بیانات کی ڈبنگ (Dubbing) کے لیے **جدید ٹیکنالوجی**(Latest Technology) سے فائدہ اُٹھایا جائے۔ اس پر اس انداز سے کام کیا جائے کہ ہر زبان میں ڈبنگ(Dubbing)ہو اور ہر مسلمان کے موبائل میں ہو ۔اس انداز سے بہت کم خرچ میں لوگوں تک دعوت اسلامی کا پیغام پہنچ سکتا ہے۔

## مدنی چینل

7. شعبہ "**مدنی چینل عام کریں**" کے ذریعے مدنی چینل دیکھنے کی دعوت عام کی جائے۔ ہر مُلک کا پِیک ٹائم(Peak Time) مختلف ہے، ذمہ داران کو چاہئے کہ اپنے مُلک کے مطابق مجلس مدنی چینل کو اپنی تجاویز دیں کہ کس وقت کونسا پروگرام دِکھایا جائے۔

8. **بچوں کو مختلف انداز سے سُنّتیں و آداب** اور بہت ساری پیاری پیاری چیزیں سکھانے کے لیے بچوں کا مدنی چینل(Kids Madani Channel)دیکھنے کی دعوت بھی عام کیجئے۔

## فیضان آن لائن اکیڈمی اور دارالمدینہ

9. ذمہ داران **فیضان آن لائن اکیڈمی**(بوائز، گرلز) میں داخلوں کی بھرپور کوشش کریں۔

## شعبہ جات اور 12 دینی کاموں کی پلاننگ

10. تمام شعبہ جات اور 12 دینی کاموں کی پلاننگ اس انداز سے کی جائے کہ ان کی سابقہ اور موجودہ کارکردگی کا تقابل کرتے ہوئے **آگے کے اہداف** طے کیے جائیں۔

11. **حقائق، اعداد و شمار اور تجربات** کو مدِّنظر رکھتے ہوئے اگلے 5/10 سال کی پلاننگ کی جائے۔

12. کسی بھی شعبے اور کسی بھی سطح کی **تقرری** ہر وقت 100٪ اپڈیٹ ہونی چاہئے۔ اہداف مقرر کرنے اور عملی اِقدامات کے لیے یہ معلومات مکمل ہونا اِنتہائی ضروری ہے۔

## انٹرنیشنل افیئرز ڈیپارٹمنٹ

13. **مختلف ممالک کے نگرانوں،** اہم ذمہ داران اور عاشقانِ رسول کا عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی میں حاضری کا جدول بنتا رہنا چاہئے۔

14. بیرونِ ملک کے ذمہ داران کو پاکستان کے جدول کے دوران بالخصوص بڑے شہروں مثلاً حیدرآباد، لاہور، فیصل آباد، ملتان، اسلام آباد وغیرہ کے **مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کا وِزٹ** کروایا جائے۔

15. بیرونِ ملک کے مقامی مبلغین اپنے آپ کو **وقفِ مدینہ / 12 ماہ** کے لیے پیش کریں تو اس سے وہاں کے دِینی کاموں میں نمایاں طور پر ترقی اور مضبوطی آئے گی۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الکریم

16. مجلس مدنی قافلہ، بیرونِ ملک کے مبلغین وائمہ کرام کے مدنی قافلوں کا اگلے 5 سال کا شیڈول بنائے کہ کون سے ملک سے کب، کتنے اسلامی بھائی، کتنے دن، کس ملک میں سفر کریں گے، رکنِ شوریٰ حاجی امین قافلہ عطاری **1 سال کے مدنی قافلوں کا ہدف** بنا کر دیں گے۔ **ہدف: 12 جولائی 2023ء**

17. نیو مسلمز(New Muslims)کی اِسلامی تربیت کے لیے انٹرنیشنل افیئرز آفس میں ڈیسک قائم کیا جائے

18. بیرونِ ملک کے تمام نگران و ذمہ داران انٹرنیشنل افیئرز آفس سے رابطے میں رہیں۔ آفس میں فالو اپ کے نظام کو مزید مستحکم و مضبوط کیا جائے۔

19. مختلف ممالک میں فعال اور مضبوط مبلغین کو سفر کروایا جائے، جن کا ہدف مقامی ذمہ داران کو **12 دینی کام کورس، فیضانِ نماز کورس اور دیگر کورسز** کروانا ہو۔

20. آپس میں **باہمی رابطے کے ذرائع** مثلاً (ای میل، واٹس ایپ، فون) ہر وقت اپڈیٹ ہونے چاہئیں تاکہ کہیں بھی رابطہ نہ ہونے کی وجہ سے کسی طرح کی کوئی تنظیمی کمزوری نہ آئے۔

21. اہداف کو پورا کرنے کے لیے **فالو اپ کا نظام** مضبوط کیا جائے۔

22. شعبۂ تعلیم کے تحت **شارٹ کورسز** مسلسل ہوتے رہنے چاہئیں۔

## بیرونِ ملک اسلامی بہنوں کا دینی کام

23. بیرونِ ملک **محارم اسلامی بھائیوں کے دینی کاموں** کا بھی جائزہ لیا جائے، انہیں بھی 12 دینی کاموں میں عملی طور پر شامل رہنے کی ترغیب دیں۔

## انٹرنیشنل افیئرز کے ذمہ داران کا 7 دن کا سُنّتوں بھرا اجتماع

24. **25 تا 31، اکتوبر 2023**ء متوقع 9 تا 15 ربیع الآخر 1444ھ عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی میں **بیرونِ ملک کے ذمہ داران کا سُنّتوں بھرا اجتماع** ہوگا جس میں ریجن نگران (ممالک نگران)، ملکی مشاورت نگران شرکت کریں گے۔ (**نوٹ:** متعلقہ ذمہ داران اس کی بھرپور تیاری کریں نیز جن ممالک سے پاکستان کے **ویزہ پراسس** (Visa Process) کیلئے Invitation Letter کی حاجت ہو وہ انٹرنیشنل افیئرز آفس میں رابطہ فرمائیں)۔

E-Mail: int.office@dawateislami.net

WhatsApp Number:+ 92 316-3784755

## نگرانوں کے لیے اہم مدنی پھول

25. **دعوتِ اسلامی سب کی ہے**، ہر ملک کے نگران و ذمہ داران کا اپنے ملک کی اہم شخصیات، تاجران اور مختلف قوموں کے مقامی عاشقانِ رسول سے مضبوط رابطہ ہونا چاہیے۔

26. ہر نگران **بُلند ہمت، بڑی سوچ اور استقامت** سے دینی کام کرنے والا ہونا چاہیے، عاشقانِ رسول کی دینی تحریک دعوتِ اسلامی کو مضبوط کرنے کے لیے ہمیں اپنے آپ کو مضبوط کرنا ہوگا۔

27. کہیں بھی اولاً **12 دینی کام** مضبوط کیے جائیں، پھر ادارے (جامعۃ المدینہ / مدرسۃ المدینہ / دارالمدینہ وغیرہ) کھولے جائیں۔

28. جن ممالک میں 12 دینی کام / مختلف شعبہ جات کا دینی کام مضبوط ہے، وہاں طے شدہ طریقہ کار اور متعلقہ اراکینِ شوریٰ کی مشاورت و اجازت سے **دارالمدینہ، فیضان اسلامک اسکول سسٹم اور فیضان ویک اینڈ اسلامک اسکول سسٹم** مضبوط کیے جائیں۔

29. بیرونِ ملک سفر کرنے والے مبلغین کو انٹرنیشنل افیئرز آفس سے پہلے اُس ملک کے موجودہ **تنظیمی سیٹ اپ، دینی کاموں کی موجودہ کارکردگی** وغیرہ سے مکمل طور پر اپڈیٹ کیا جائے، اگر کہیں تنظیمی مسائل ہوں تو نہایت احسن انداز سے تنظیمی طریقہ کار کے مطابق حل کرنے کی کوشش کی جائے۔

30. کسی کو اس کی **صلاحیت جانچ کر** ذمہ داری دینا، نگران کی اہم ترین ذمہ داری ہے۔

31. امیر اہلِ سُنّت دامت برکاتہم العالیہ نے **نئے نئے مبلغین** تیار کرکے دعوتِ اسلامی کے لیے ایک بہت بڑا سرمایہ جمع کیا ہے۔

32. کوئی بھی نیا کام شروع کرنے سے پہلے اس کے **فوائد اور نقصانات** پر ضرور غور کیا جائے، فقہ کا ایک اصول ہے: دَرْءُ الْمَفَاسِدِ اَوْلٰی مِنْ جَلْبِ الْمَصَالِحِ یعنی خرابیوں کو دُور کرنا خوبیوں کو حاصل کرنے سے بہتر ہے۔

## "فہمِ دین کورس"

33. دُنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے "**فہم دِین کورس**" ڈیزائن کیا جائے، نصاب میں اردو اور عربی زبان سکھانا بھی شامل ہو نیز اسی میں **امامت کورس** بھی شامل کیا جائے۔ یہ کورس اوّلاً **عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ** کراچی میں شروع کیا جائے۔ **ہدف: 15 جولائی 2023ء**

34. "**فہم دِین کورس**" کے لیے **الگ** سے شعبہ اور اس کا ذمہ دار مقرر کیا جائے، تاکہ بہت ہی منظم انداز سے یہ کورس کروایا جاسکے ۔ یہ کام رکنِ شوریٰ **حاجی محمد جنید عطاری مدنی** کے سپرد ہوا۔ **ہدف: 15 جولائی 2023ء**

## 12 دینی کام

35. 12 دینی کاموں میں کچھ کام **مسجد سے متعلق جیسے** (تفسیر سُننے، سنانے کا حلقہ، مسجد درس، مدرسۃ المدینہ بالغان) ۞ کچھ **محلے سے متعلق جیسے** (فجر کے لیے جگانا، چوک درس، علاقائی دورہ) ۞ کچھ **شہر سے متعلق جیسے** (ہفتہ وار اجتماع، ہفتہ وار مدنی مذاکرہ، یومِ تعطیل اعتکاف) اور **مدنی قافلہ و مدنی کورسز ملک و بیرونِ ملک** کے ہیں، **انفرادی اصلاح** کے لیے **نیک اعمال کا رسالہ اور ہفتہ وار رسالہ مطالعہ** بہترین معاون و مددگار ہیں۔

36. **ذیلی حلقے میں 12 دینی کاموں** کو مضبوط کرنا UC اور وارڈ نگران کی ذمہ داریوں میں اہم ذمہ داری ہے۔

37. ہر سطح کے ذمہ دار کے جدول میں 12 دینی کاموں میں **عملی شرکت** شامل ہونی چاہیے، 12 دینی کاموں کے لیے مُستقل مزاجی کے ساتھ جدول نہ بننا کارکردگی میں کمزوری کا سبب بن سکتا ہے۔

## قربانی کی کھالیں

38. اس سال **قربانی کی کھالیں 63٪ بڑھانے** کا ہدف ہونا چاہیے، بالخصوص پوش ایریاز فوکس کریں۔

39. عیدالاضحیٰ کے موقع پر **مدنی قافلے** سفر کریں گے، ان مدنی قافلوں کے جدول میں قربانی کی کھالیں جمع کرنے کی بھی اجازت ہوگی۔

## نئی ذمہ داریاں اور بیرونِ ملک سفر

40. رکنِ شوریٰ حاجی محمد اسد عطاری مدنی کو **کرغزستان** (Kyrgyzstan) کی ذمہ داری دی گئی۔

41. رکنِ شوریٰ **حاجی فضیل رضا عطاری یورپ** کا سفر کریں گے، ان شآءاللہُ الکریم۔

## سالانہ تنظیمی کیلنڈر

42. پورے سال کا **تنظیمی کیلنڈر** بنایا جائے، جس میں نگرانِ شوریٰ اور نگرانِ پاکستان مشاورت کے **بیانات / مدنی مشورے / ذمہ داران و عاشقانِ رسول کے سنتوں بھرے اجتماعات** بھی شامل ہوں۔

43. کیلنڈر میں یہ بھی واضح کیا جائے کہ کس تنظیمی ایونٹ سے کتنا قبل تیاری و اہداف کا جائزہ لینے کے لیے **مدنی مشورہ / تربیتی سیشن** وغیرہ ہوگا۔

## شعبہ ہفتہ وار اجتماع

44. عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی میں فی الوقت **ہفتہ وار اجتماع کا وقت** رات 08:00 تا 09:30 ہے، **لائیو ہفتہ وار اجتماع** بھی اسی وقت ہوگا۔

45. **جہاں ممکن ہو**، اسی وقت (رات 08:00 تا 09:30) کے مطابق ہفتہ وار اجتماع کیا جائے۔

## فقہِ شافعی میں کاموں کا جائزہ

46. کتاب "**نماز کے احکام**" کے 8 **رسائل فقہِ شافعی** میں منتقل ہو چکے ہیں۔

## ٹرانسلیشن ڈیپارٹمنٹ اور مکتبۃ المدینہ

47. "**12 دینی کام**" کتاب کا مختلف زبانوں میں ترجمہ ہوگا۔ انْ شآءاللہُ الکریم

## پراپرٹی ڈیپارٹمنٹ

48. پراپرٹی ڈیپارٹمنٹ کے ذمہ داران، **شخصِ قانونی** والی جگہ کے لیے بنائی گئی **مجلس** کی وقتاً فوقتاً تربیت بھی کریں تاکہ شرعی و تنظیمی اعتبار سے اس جگہ کی مکمل حفاظت کی جاسکے۔

## شعبۂ تعلیم

49. نگرانِ پاکستان مشاورت، تعلیمی اِداروں کی چھٹیوں سے پہلے شعبۂ تعلیم اور شعبہ مدنی کورسز کا مدنی مشورہ کریں جس میں بالخصوص ان چھٹیوں میں کروائے جانے والے **کورسز کالائحہ عمل** تیار کیا جائے۔

50. گرمیوں میں سفر کرنے والے مدنی قافلوں کو **ٹھنڈے علاقوں کی سمت** بھی دی جاسکتی ہے، اس سے بھی مدنی قافلوں کی تعداد میں اضافہ ہوگا۔

## مدرسۃ المدینہ بالغان

51. مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھنے، پڑھانے والے طے شدہ جدول کے مطابق **دینی کاموں میں عملی طور پر شرکت** کریں مثلاً چوک درس وغیرہ۔

52. مدرسۃ المدینہ بالغان کے دِینی کام کی مضبوطی کے لیے **نگران بھرپور توجہ دیں۔**

53. **"معلم کورس"** کروائے جائیں، صوبہ وائز اس کے اہداف طے کیے جائیں کہ کس تاریخ کو کورس کہاں ہوگا؟ معلم کون ہوں گے وغیرہ۔ **جدول بنانے کا ہدف:12 جولائی 2023ء**

## تحصیل، ٹاؤن سطح کے سُنّتوں بھرے اجتماعات

54. اراکینِ شوریٰ اور صوبائی مشاورت کے نگران، تحصیل/ٹاؤن سطح پر **ذمہ داران و عاشقانِ رسول کا سُنّتوں بھرا اجتماع** کریں جس میں تمام منسلک اسلامی بھائیوں کو شرکت کروائی جائے۔ **جدول**:(مغرب کے بعد کھانا اور عشاء کے بعد بیان 1 گھنٹہ، ملاقات و انفرادی کوشش)

55. اس اجتماع میں تحصیل/ٹاؤن کے **جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ بالغان، طلبہ و مدرسین** کے تمام ناظمین، مدرسین، قاری صاحبان و طلبہ کرام کو بھی شرکت کروائی جائے۔

56. ان موضوعات **"گناہوں کی مذمت، تبلیغِ دِین کے لیے قربانیاں، اِصلاحِ اُمّت کا درد، موت کی تیاری، قبر و حشر کے احوال، 12 دِینی کام"** پر بیانات ہوتے رہنے چاہئیں۔

57. اجتماع کے اختتام پر **ہاتھوں ہاتھ مدنی قافلے** سفر کروائے جائیں، جو کسی عذر کی وجہ سے سفر نہ کرسکیں، انہیں روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں میں عملی طور پر شرکت کرنے کی ترغیب دلائی جائے۔

58. **پاکستان سطح کے ذمہ داران**(نگرانِ مجالس، ذیلی شعبہ جات) کا **بیرونِ ملک سفر** کا جدول بنایا جائے۔

## متفرق مدنی پھول

❁ جو کام **استقامت** کے ساتھ کیا جائے اس کی اپنی برکتیں ہیں ❁ **عقل** کا استعمال کرکے ہم اپنے نظام کو مضبوط کرسکتے ہیں ❁ دعوتِ اسلامی **معاشرے میں پیار اور امن** عام کررہی ہے، یہ مسلمانوں کو باعمل بناتی ہے ❁ تفریحی مقامات پر جانے سے بچیے، عموماً یہاں بے پردہ عورتوں کی کثرت ہوتی ہے اور نگاہوں کی حفاظت انتہائی مشکل ہوتی ہے ❁ اِدارے کی پہلے **پہچان و نیک نامی**(Goodwill) ہوتی ہے پھر لوگوں کا اس کی طرف رجحان ہوتا ہے۔

❁ مرکزی مجلسِ شوریٰ کے اگلے مدنی مشورے میں **نگرانِ صوبائی مشاورت، نگرانِ ڈویژن مشاورت اور نگرانِ مجالس شعبہ جات**(پاکستان) بھی شرکت کریں گے۔

## مرکزی مجلسِ شوریٰ کے اگلے مدنی مشورے کی تاریخ

| عیسوی تاریخ | ہجری تاریخ | دن | وقت | شرکاء |
|---|---|---|---|---|
| 4 ستمبر 2023ء | 18 صفر 1445ھ | پیر | دن 02:00 تا رات وقت مناسب | اراکینِ شوریٰ |
| 5 ستمبر 2023ء | 19 صفر 1445ھ | منگل | | نگرانِ صوبائی مشاورت، نگرانِ ڈویژن مشاورت اور نگرانِ مجالس شعبہ جات (پاکستان) |
| 6 ستمبر 2023ء | 19 صفر 1445ھ | بدھ | | // |
| 7 ستمبر 2023ء | 20 صفر 1445ھ | جمعرات | | اراکینِ شوریٰ |

16 ذوالحجۃ الحرام 1444ھ، 05 جولائی 2023ء